بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
جون 2025

1۔ قرآن کریم

"سورۃ الطّارِق" کی آیات 1-5 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- لفظ "الطَّارِقُ" کا کیا مطلب ہے؟
- آیات 2 تا 4 کی تفسیر میں کن لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے؟
- آیت نمبر 5 "اِنۡ کُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَیۡهَا حَافِظٌ" کا کیا مطلب ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 246–249
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 2-9:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=12

2۔ قرآن کریم کے احکامات

- سورۃ البقرہ کی آیت 255 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اَنۡفِقُوۡا مِمَّا رَزَقۡنٰکُمۡ
خرچ کرو اس میں سے جو ہم نے تمہیں عطا کیا ہے

- اللہ تعالیٰ کا یہ اہم حکم مومنوں کو اس بات کی طرف متوجہ کرتا ہے کہ وہ صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے خالص نیت سے اُس کی راہ میں خرچ کریں۔ اس آیت میں یہ بات بھی واضح کی گئی ہے کہ ہر نعمت اور رزق جو انسان کو حاصل ہے، وہ دراصل اللہ تعالیٰ کی عطا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہمیں صدقہ دینے، ضرورت مندوں کی مدد کرنے، اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے اور اس پر بھروسا رکھنے کی تلقین کرتا ہے، کیونکہ وہی ہمارا واحد اور حقیقی رازق ہے۔
- جنرل میٹنگ میں اس اہم حکم کو پڑھیں اور اس پر غور کریں۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 255

3۔ اسماء الحسنیٰ

- اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلْسَتَّارُ" (عیوب کو پوشیدہ رکھنے والا) کا مطالعہ کریں۔
- اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ وہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے جو روشنی دیتا ہے۔
- پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 3 اپریل 2009 میں فرماتے ہیں کہ سَتَرَ کے معنی ہیں کسی چیز کو ڈھانپنے اور اس کی حفاظت کرنے کے۔ پس ہمارا خدا وہ پیارا خدا ہے جو ہماری بے شمار خطاؤں کو اور غلطیوں کو ڈھانپتا ہے، اُن سے صرفِ نظر فرماتا ہے۔
- اللہ تعالیٰ کی صفت "اَلْسَتَّارُ" کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ تفصیل سے سنیں اور اس بات پر غور کریں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی اس صفت کو کس طرح اپنا سکتے ہیں اور دوسروں کی خامیوں اور کمزوریوں کی کس طرح پردہ پوشی کر سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 262

خطبہ جمعہ مورخہ 27/03/2009: https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-03-27.html

خطبہ جمعہ مورخہ 03/04/2009: https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-04-03.html

4۔ نماز۔ اقامۃ الصلوٰۃ

- ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اقامۃ الصلوٰۃ کا حق ایسے خوبصورت رنگ میں ادا فرمایا کہ ایک طرف تو خدا تعالیٰ نے خود گواہی دی کہ آپؐ کی نمازیں، آپ کی عبادتیں، اور جینا اور مرنا سب کا سب اللہ کی خاطر ہے جو سب جہانوں کا ربّ ہے اور دوسری طرف آپؐ کے مخالفین نے برملا اقرار کیا کہ عَشِقَ مُحَمَّدٌ رَبَّہٗ کہ محمدؐ تو دل و جان سے اپنے رب کا عاشق ہو گیا ہے۔
- مضمون 'اقامۃ الصلوٰۃ میں اُسوۂ نبویؐ' کو غور سے پڑھیں اور اس بات پر غور کریں کہ ہم عبادت کے اصل مقاصد کو حقیقی رنگ میں کس طرح سمجھ سکتے ہیں اور ہم اپنی عبادات میں کامل اخلاص کس طرح حاصل کر سکتے ہیں؟



click to read

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 267-269

5۔ ملفوظات

- ملفوظات 'پیرانہ سالی کی دو قسمیں' کا مطالعہ کریں جس میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نہایت حکمت سے وضاحت فرماتے ہیں کہ جیسے وقت کے ساتھ انسان کا جسمانی وجود کمزور ہونے لگتا ہے، اسی طرح اگر وہ اپنی اخلاقی اصلاح کی کوشش نہ کرے تو اس کی روحانیت بھی زوال پذیر ہو جاتی ہے۔

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 279

6۔ کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
تصنیف حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کتاب احمدیت یعنی حقیقی اسلام کا مطالعہ جاری رکھیں اور مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔

- آنحضرت ﷺ نے ہمیں اسلامی حکومت کے حقوق و فرائض کے متعلق کیا تعلیم دی ہیں؟
- حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پُر امن معاشرے قائم کرنے کے لیے رعایا کے کن فرائض کی وضاحت فرمائی ہے؟
- اسلام ہمیں آقا اور ملازمین کے تعلقات کے متعلق کیا تعلیم دیتا ہے؟

ذرائع کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
صفحہ نمبر 295-302



click to read